| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 10 | اُستاد کا نام:____ |

سبق کا نام: ایجادات (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان سکیں کہ ایجاد کیا ہوتی ہے؟
- موجودہ دور کی اہم ایجادات (مثلاً ہوائی جہاز، کمپیوٹر اور انٹرنیٹ وغیرہ) کو پہچان سکیں۔
- تجزیہ کر سکیں کہ حالیہ ایجادات کمپیوٹر، ٹیلی وژن اور انٹرنیٹ نے انسانی زندگی کو کس طرح بدلا ہے؟

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا نام ''ایجادات'' لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔
- اہم نکات کی دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

# ورک شیٹ
20منٹ

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: ایجادات (دہرائی) |
|---|---|---|

سوال 1: اپنی پسندیدہ ایجادات کی ایک فہرست بنائیں اور درج ذیل جدول مکمل کریں۔

| ایجاد | موجد کا نام | آپ کو یہ ایجاد کیوں پسند ہے؟ |
|---|---|---|
| | | |
| | | |

سوال 2: موبائل اور انٹرنیٹ کے فوائد بتائیں؟

جواب: ________________________________________________
________________________________________________
________________________________________________
________________________________________________
________________________________________________
________________________________________________
________________________________________________

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 10 | اُستاد کا نام:____ |

سبق کا نام: قوت اور مشینیں (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آلہ کی تعریف بیان کر سکیں۔
- سادہ مشینوں (ڈھلوان سطح، سطح مائل، لیور، پلی، پہیا اور ایکسل، فانہ) کو پہچان کر ان کے نام بتا سکیں۔
- پہچان سکیں کہ کھینچنا اور دھکیلنا چیزوں کی رفتار کو تیز یا آہستہ کر دیتا ہے۔
- پہچان سکیں کہ ماضی میں انسان اور جانور گاڑیوں (تانگہ، بیل گاڑی، سائیکل اور ہتھ گاڑی وغیرہ) کھینچتے تھے جب کہ آج کل گاڑیاں (بس، موٹر سائیکل اور کار وغیرہ) مشینوں کی مدد سے چلتی ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "قوت اور مشینیں"، لکھیں۔ طلبہ کو سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

# ورک شیٹ

20منٹ

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قوت اور مشینیں (دہرائی) |
| --- | --- | --- |

سوال 1: درست جملے کے سامنے " ✓ " اور غلط کے سامنے " ✗ " کا نشان لگائیں۔

الف) آپ دروازہ کھولتے ہُوئے دروازے کو دھکیلتے ہیں۔ ☐

ب) پہیا ایکسل کے بغیر بھی کام کرسکتا ہے۔ ☐

ج) لیور ایک سادہ مشین ہے جو ایک رسّی اور جھری یا نالی دار پہیے پر مُشتمل ہے۔ ☐

د) قُوّت لگا کر حرکت کرتی ہُوئی اشیا کو روکا جا سکتا ہے۔ ☐

ہ) زیادہ قُوّت لگانے سے متحرک اشیا زیادہ فاصلہ طے کریں گی۔ ☐

سوال 2: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف) سادہ مشین کی اقسام ہیں:

- چھے
- چار
- آٹھ

ب) کسی چیز کی رفتار اور جگہ ____________ لگا کر تبدیل کی جاسکتی ہے۔

- وزن
- اندازہ
- قُوّت

ج) یہ ایک سلاخ پر مُشتمل سادہ مشین ہے جو کہ ایک نقطے کے گرد گھومتی ہے:

- پہیا
- پُلی
- لیور

سوال 3: آپ کے گھر میں استعمال ہونے والے اوزار اور سادہ مشینوں کے نام لکھیں۔

| | | |
| --- | --- | --- |
| | | |
| | | |

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 10 | اُستاد کا نام: ___ |

سبق کا نام: حفاظت (دہرائی)

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- محتاط اور محفوظ رہنے کے طریقوں کو سمجھ سکیں۔
- چند عام آفات کو جان کر اُن سے محفوظ رہنے کے طریقے سمجھ سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کہ کسی بھی غیر متوقع صورت حال سے نمٹنے کے لیے انھیں اپنے والدین، اُساتذہ اور سرپرستوں سے کچھ نہیں چھپانا چاہیے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''حفاظت'' لکھیں اور طلبہ کو سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- اہم نکات کی دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے میں ان کی راہ نمائی کریں۔

## اعادہ: 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## جائزہ:

N/A

## گھر کا کام:

N/A

**ورک شیٹ** | **20منٹ**

| نام: __________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: حفاظت (دہرائی) |
|---|---|---|

سوال 1: ہمیں اپنی حفاظت کے لیے جن حفاظتی تدابیر پر عمل کرنا چاہیے اُن پر "" کا نشان لگائیں۔



ہمیں سڑک پر دوڑنا چاہیے۔



ہمیں جلتے ہوئے چولہے کو ہاتھ نہیں لگانا چاہیے۔



سڑک ہمیشہ زیبرا کراسنگ سے پار کرنی چاہیے۔



کسی کو دھکا نہیں دینا چاہیے۔



بالکونی سے نیچے نہیں لٹکنا چاہیے۔



تیز دھار چیزوں سے کھیلنا چاہیے۔



ہمیشہ فٹ پاتھ پر چلنا چاہیے۔



بجلی کی تار کو گیلے ہاتھوں سے نہیں چھونا چاہیے۔

سوال 2: درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

ا۔ قدرتی آفات سے کیا مراد ہے؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

۲۔ آفات سے بچنے کی چند احتیاطی تدابیر بتائیں۔

جواب: ____________________________________________

____________________________________________